بسم اللہ الرحمن الرحیم

ناموسِ رسالت ﷺ
اور ہماری ذمّہ داری

حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد سلیم دھورات صاحب دامت برکاتہم

آئے دن میڈیا میں اسلامی تعلیمات کو مشکوک اور پیغمبرِ اسلام ﷺ کو مجروح کرنے کی کوشش کی جارہی ہے، ان حالات میں تمام مسلمانوں سے یہ اپیل کی جاتی ہے کہ مندرجہ ذیل سات باتوں پر پوری قوّت کے ساتھ عمل کریں:

۱ سیرت کی معتبر کتابوں کو حاصل کریں اور محبت اور عظمت کے ساتھ ان کا بغور مطالعہ کریں، گھروں میں اور مساجد میں ان کی تعلیم کا سلسلہ بھی ہو۔

۲ مسلم اور غیر مسلم دونوں کے سامنے سیرتِ طیّبہ کے مختلف پہلوؤں کا اہتمام کے ساتھ ذکر کریں۔

۳ آں حضرت ﷺ کی حیاتِ طیّبہ کے مختلف پہلوؤں پر مشتمل کتابچے اور پمفلٹ مسلم اور غیر مسلم دونوں کو جہاں تک ممکن ہو سکے پہنچائیں۔

۴ آپ ﷺ کی نورانی تعلیمات کو اپنی زندگی میں جگہ دیں تاکہ ہر مسلمان حضورِ اکرم ﷺ کی سیرت اور تعلیمات کا حقیقی نمونہ بنے۔

۵ آپ ﷺ کی خدمتِ اقدس میں بکثرت درود و سلام کا تحفہ بھیجیں۔

۶ دربارِ الٰہی میں خوب آہ وزاری کے ساتھ دعا کریں کہ وہ ہمارے گناہوں کو معاف فرمائیں، ہماری نصرت فرمائیں اور ہمیں ہر قسم کے شر اور فتنے سے محفوظ رکھیں۔

۷ ہر حال میں صبر کا دامن تھامے رکھیں اور شریعتِ مطہّرہ کی حدود کے دائرے میں رہ کر سارے کام کریں۔

© Islãmic Da‘wah Academy 2-2018/11

Islãmic Da‘wah Academy • 120 Melbourne Road • Leicester • UK • LE2 0DS
Tel / Fax: 0116 262 5440 • e-mail: info@idauk.org

www.idauk.org